© rasailojaraid.com



عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

- ❑ کسی ملک پر اپنے نظریات نہیں ٹھونسیں گے۔ (امریکی کانگریس)
- ● صرف نصابِ تعلیم کی تبدیلی درکار ہے، جس سے ذہنی تبدیلی آتی ہے۔
- ❑ کالاباغ ڈیم کے حوالے سے وزیر اعلیٰ سندھ ارباب رحیم کا بیان غیر ذمہ دارانہ ہے۔ وہ استعفیٰ کی دھمکی نہ دیں، اُن کا متبادل بھی موجود ہے۔ (شیخ رشید)
- ● آپ کا متبادل بھی موجود ہے۔
- ❑ قیدیوں پر تشدد کرنے کے لیے، امریکہ نے ۲۶ قید خانے بنا رکھے ہیں۔ (ہیومن رائٹس واچ)
- ● انسانی حقوق کے سب سے بڑے علمبردار کا حال!
- ❑ متاثرہ علاقوں میں ہزاروں گھروں کے علاوہ مساجد بھی بنائیں۔ (الرشید ٹرسٹ، جماعت الدعوۃ)
- ● یہی دہشت گردی ہے!
- ❑ ۹۰ دن کا وقت نیٹو کے لیے ہے۔ متاثرہ علاقوں سے امریکی فوج کی واپسی کا فیصلہ نہیں ہوا۔ (امریکی سفیر ریان سی کروکر)

اے تاں اُلفت اپنا ای گھر اے
نمازاں نہ روزے نہ رب دا ای ڈر اے

- ❑ صدر کی وردی نہ رہی تو نظام بھی نہیں رہے گا۔ (اجمل قادری)
- ❑ صدر وردی اتار کر پارلیمنٹ کے اجلاس سے خطاب کے لیے آئیں، تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔ (اجمل قادری)
- ● کون سی بات صحیح مانی جائے!
- ❑ جلد واپس آ کر الیکشن میں حصہ لوں گی۔ (بے نظیر)
- ● ہائے اقتدار!
- ❑ روشن خیالی کے نام پر مغربی تہذیب، دین اسلام میں داخل کرنے کی سازش کی جا رہی ہے۔ (قاضی حسین احمد)
- ● سب کچھ لٹا کے ہوش میں آئے تو کیا
- ❑ ''مار نہیں پیار'' کے سلوگن سے طلباء نے اساتذہ کو دھمکیاں دینا شروع کر دیں۔ (ایک خبر)
- ● ڈنڈا پیر اے وگڑیاں تگڑیاں دا!

© rasailojaraid.com